Lecturer & Coach Comp. Exam 2024 (Sec. Edu Deptt.)

777205

प्रश्न–पुस्तिका संख्या व बारकोड / Question Booklet No. & Barcode

# CSL-25

इस प्रश्न-पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए । Do not open this Question Booklet until you are asked to do so.

| | | |
|---|---|---|
| पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या | : | 24 |
| Number of Pages in Booklet | : | 24 |
| पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या | : | 150 |
| No. of Questions in Booklet | : | 150 |

**Paper Code : 44**

**Paper – II**

**Sub : Urdu**

Exam Date - 30/06/2025

**समय : 03:00 घण्टे + 10 मिनट अतिरिक्त***
**Time : 03:00 Hours + 10 Minutes Extra***

**अधिकतम अंक : 300**
**Maximum Marks : 300**

प्रश्न–पुस्तिका के पेपर की सील/पॉलिथीन बैग को खोलने पर प्रश्न-पत्र हल करने से पूर्व परीक्षार्थी यह सुनिश्चित कर लें कि :
- प्रश्न–पुस्तिका संख्या तथा ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक पर अंकित बारकोड संख्या समान हैं ।
- प्रश्न–पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक के सभी पृष्ठ व सभी प्रश्न सही मुद्रित हैं । समस्त प्रश्न, जैसा कि ऊपर वर्णित है, उपलब्ध हैं तथा कोई भी पृष्ठ कम नहीं है / मुद्रण त्रुटि नहीं है ।

किसी भी प्रकार की विसंगति या दोषपूर्ण होने पर परीक्षार्थी वीक्षक से दूसरा प्रश्न-पत्र प्राप्त कर लें । यह सुनिश्चित करने की जिम्मेदारी अभ्यर्थी की होगी । परीक्षा प्रारम्भ होने के 5 मिनट पश्चात् ऐसे किसी दावे/आपत्ति पर कोई विचार नहीं किया जायेगा ।

**On opening the paper seal/polythene bag of the Question Booklet before attempting the question paper, the candidate should ensure that :**
- **Question Booklet Number and Barcode Number of OMR Answer Sheet are same.**
- **All pages & Questions of Question Booklet and OMR Answer Sheet are properly printed. All questions as mentioned above are available and no page is missing/misprinted.**

**If there is any discrepancy/defect, candidate must obtain another Question Booklet from Invigilator. Candidate himself shall be responsible for ensuring this. No claim/objection in this regard will be entertained after five minutes of start of examination.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. **प्रत्येक प्रश्न के लिये एक विकल्प भरना अनिवार्य है ।**
2. **सभी** प्रश्नों के अंक समान हैं ।
3. प्रत्येक प्रश्न का मात्र **एक** ही उत्तर दीजिए । एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न के उत्तर को गलत माना जाएगा ।
4. **OMR** उत्तर-पत्रक इस प्रश्न-पुस्तिका के अन्दर रखा है । जब आपको प्रश्न-पुस्तिका खोलने को कहा जाए, तो उत्तर-पत्रक निकाल कर ध्यान से केवल **नीले बॉल पॉइंट पेन** से विवरण भरें ।
5. कृपया अपना रोल नम्बर ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर सावधानीपूर्वक सही भरें । गलत रोल नम्बर भरने पर परीक्षार्थी स्वयं उत्तरदायी होगा ।
6. **ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक में करेक्शन पेन/व्हाईटनर/सफेदा का उपयोग निषिद्ध है ।**
7. **प्रत्येक गलत उत्तर के लिए प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा ।** गलत उत्तर से तात्पर्य अशुद्ध उत्तर अथवा किसी भी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर से है ।
8. **प्रत्येक प्रश्न के पाँच विकल्प दिये गये हैं, जिन्हें क्रमशः 1, 2, 3, 4, 5 अंकित किया गया है । अभ्यर्थी को सही उत्तर निर्दिष्ट करते हुए उनमें से केवल एक गोले (बबल) को उत्तर-पत्रक पर नीले बॉल पॉइंट पेन से गहरा करना है ।**
9. **यदि आप प्रश्न का उत्तर नहीं देना चाहते हैं तो उत्तर-पत्रक में पाँचवें (5) विकल्प को गहरा करें । यदि पाँच में से कोई भी गोला गहरा नहीं किया जाता है, तो ऐसे प्रश्न के लिये प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा ।**
10.* **प्रश्न-पत्र हल करने के उपरांत अभ्यर्थी अनिवार्य रूप से ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक जांच लें कि समस्त प्रश्नों के लिये एक विकल्प (गोला) भर दिया गया है । इसके लिये ही निर्धारित समय से 10 मिनट का अतिरिक्त समय दिया गया है ।**
11. **यदि अभ्यर्थी 10% से अधिक प्रश्नों में पाँच विकल्पों में से कोई भी विकल्प अंकित नहीं करता है तो उसको अयोग्य माना जायेगा ।**
12. **मोबाइल फोन अथवा अन्य किसी इलेक्ट्रोनिक यंत्र का परीक्षा हॉल में प्रयोग पूर्णतया वर्जित है । यदि किसी अभ्यर्थी के पास ऐसी कोई वर्जित सामग्री मिलती है तो उसके विरुद्ध आयोग द्वारा नियमानुसार कार्यवाही की जायेगी ।**

**चेतावनी :** अगर कोई अभ्यर्थी नकल करते पकड़ा जाता है या उसके पास से कोई अनधिकृत सामग्री पाई जाती है, तो उस अभ्यर्थी के विरुद्ध पुलिस में प्राथमिकी दर्ज कराते हुए **राजस्थान सार्वजनिक परीक्षा (भर्ती में अनुचित साधनों की रोकथाम अध्युपाय) अधिनियम, 2022 तथा अन्य प्रभावी कानून एवं आयोग के नियमों-प्रावधानों** के तहत कार्यवाही की जाएगी । साथ ही आयोग ऐसे अभ्यर्थी को भविष्य में होने वाली आयोग की समस्त परीक्षाओं से विवर्जित कर सकता है ।

## INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. **It is mandatory to fill one option for each question.**
2. **All** questions carry equal marks.
3. Only **one** answer is to be given for each question. If more than **one** answers are marked, it would be treated as wrong answer.
4. The **OMR** Answer Sheet is inside this Question Booklet. When you are directed to open the Question Booklet, take out the Answer Sheet and fill in the particulars carefully with **Blue Ball Point Pen** only.
5. Please correctly fill your Roll Number in **OMR** Answer Sheet. Candidates will themselves be responsible for filling wrong Roll No.
6. **Use of Correction Pen/Whitener in the OMR Answer Sheet is strictly forbidden.**
7. **1/3 part of the mark(s) of each question will be deducted for each wrong answer.** A wrong answer means an incorrect answer or more than one answers for any question.
8. **Each question has five options marked as 1, 2, 3, 4, 5. You have to darken only one circle (bubble) indicating the correct answer on the Answer Sheet using BLUE BALL POINT PEN.**
9. **If you are not attempting a question then you have to darken the circle '5'. If none of the five circles is darkened, one third (1/3) part of the marks of question shall be deducted.**
10.* **After solving question paper, candidate must ascertain that he/she has darkened one of the circles (bubbles) for each of the questions. Extra time of 10 minutes beyond scheduled time, is provided for this.**
11. **A candidate who has not darkened any of the five circles in more than 10% questions shall be disqualified.**
12. **Mobile Phone or any other electronic gadget in the examination hall is strictly prohibited. A candidate found with any of such objectionable material with him/her will be strictly dealt with as per rules.**

**Warning :** If a candidate is found copying or if any unauthorized material is found in his/her possession, F.I.R. would be lodged against him/her in the Police Station and he/she would be liable to be prosecuted under **Rajasthan Public Examination (Measures for Prevention of Unfair means in Recruitment) Act, 2022 & any other laws applicable and Commission's Rules-Regulations.** Commission may also debar him/her permanently from all future examinations.

उत्तर-पत्रक में दो प्रतियाँ हैं – मूल प्रति और कार्बन प्रति। परीक्षा समाप्ति पर परीक्षा कक्ष छोड़ने से पूर्व परीक्षार्थी उत्तर-पत्रक की दोनों प्रतियाँ वीक्षक को सौंपेंगे, परीक्षार्थी स्वयं कार्बन प्रति अलग नहीं करें । वीक्षक उत्तर-पत्रक की मूल प्रति को अपने पास जमा कर, कार्बन प्रति को मूल प्रति से कट लाइन से मोड़ कर सावधानीपूर्वक अलग कर परीक्षार्थी को सौंपेंगे, जिसे परीक्षार्थी अपने साथ ले जायेंगे । परीक्षार्थी को उत्तर-पत्रक की कार्बन प्रति चयन प्रक्रिया पूर्ण होने तक सुरक्षित रखनी होगी एवं आयोग द्वारा माँगे जाने पर प्रस्तुत करनी होगी ।

1. ذیل میں ہیئت کے اعتبار سے قصیدے کی قسم ہے:

(1) تمہیدیہ (2) مدحیہ

(3) ہجویہ (4) وعظیہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

2. مرثیے کے ضمن میں درست ترتیب کی نشاندہی کریں:

(1) آمد، چہرہ، سراپا، رخصت، رجز

(2) چہرہ، سراپا، رخصت، آمد، رجز

(3) چہرہ، سراپا، آمد، رخصت، رجز

(4) آمد، رخصت، سراپا، چہرہ، رجز

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

3. مرثیے کے کس جز میں ہیرو کے حسن و جمال اور دیگر خصوصیات کا ذکر کیا جاتا ہے؟

(1) آمد (2) چہرہ

(3) سراپا (4) رجز

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

4. وہ بحر، ردیف اور قافیہ جس کی غزل میں پابندی کی جاتی ہے، کیا کہلاتی ہے؟

(1) زمین (2) تقطیع

(3) وزن (4) پیمائش

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

5. کس صنف کو جدید عہد کا رزمیہ کہا گیا ہے؟

(1) ناول (2) داستان

(3) خاکہ (4) مکتوب نگاری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

6. افسانے کی زبان ______ ہونی چاہیے۔ خالی جگہ مناسب لفظ سے پُر کیجیے۔

(1) علامتی (2) استعاراتی

(3) تخلیقی (4) گنجلک

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

7. افسانے کے بارے میں کون سا قول درست ہے؟

(1) افسانے میں ہماری زندگی کی ہو بہو تصویر پیش کی جاتی ہے۔

(2) افسانہ وہ صنف ہے، جسے ایک نشست میں پڑھا جا سکتا ہے۔

(3) افسانے میں طوالت کو خاص اہمیت حاصل ہے۔

(4) اردو میں افسانے کا آغاز ۱۹۲۵ء کے بعد ہوا۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

8. ناول کی صنف نے کس مغربی زبان کے ناول سے گہرے اثرات قبول کیے؟

(1) جرمن (2) فرانسیسی

(3) انگریزی (4) اطالوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**9.** دور نگی سوں تری اے سروِ رعنا

کبھو راضی کبھو بیزار ہیں ہم

ولیؔ دکنی کے مندرجہ بالا شعر کے پہلے مصرع میں ہے:

(1) رعایت لفظی (2) تضاد

(3) اشتقاق (4) ایہام

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**10.** ٹک میرؔ جگر سوختہ کی جلد خبر لے

کیا یار بھروسا ہے چراغِ سحری کا

"جگر سوختہ" کے معنی کیا ہیں؟

(1) ہنگامہ خیز (2) دیوانگی

(3) غم زدہ (4) قریب المرگ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**11.** ان دنوں کچھ عجب ہے میرا حال

دیکھتا کچھ ہوں، دھیان میں کچھ ہے

مندرجہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) میر تقی میرؔ (2) میر دردؔ

(3) میر سوزؔ (4) میرؔ حسن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**12.** شخصی خاکہ کے لیے انگریزی میں کون سا لفظ مختص ہے؟

(1) Personal Sketch

(2) Sketch

(3) Portrait

(4) Personal Portrait

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**13.** ناصرؔ کاظمی کن شعرا سے متاثر ہوئے؟

(A) میر تقی میرؔ

(B) میر دردؔ

(C) فراقؔ گورکھپوری

(D) جگر مرادآبادی

درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

(1) A, B (2) C, D

(3) A, D (4) A, C

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**14.** اک آدمی ہیں جن کے یہ کچھ زرق برق ہیں

روپے کے ان کے پاؤں ہیں سونے کے فرق ہیں

نظم 'آدمی نامہ' کے اس شعر میں لفظ 'فرق' کے معنی کیا ہیں؟

(1) رنگ (2) دولت

(3) امتیاز (4) پیشانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**15.** پرسشِ غم کو وہ آئے تو اک عالم ہوگا

دیدنی کیفیتِ قلب و جگر بھی ہوگی

مندرجہ بالا شعر میں "اک عالم ہوگا" کا مفہوم ہے:

(1) کائنات کا درہم برہم ہونا

(2) ایک خاص کیفیت کا پیدا ہونا

(3) زندگی خوش گوار ہونا

(4) بہار آنا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

7777205

16. کسی کو اس تغیّر کا نہ حس ہوگا نہ غم ہوگا
ہوئے جس ساز سے پیدا اسی کے زیر و بم ہوں گے
اکبرؔ الٰہ آبادی کے مندرجہ بالا شعر میں "زیر و بم" کا کیا مفہوم ہے؟

(1) آواز (2) اتار چڑھاؤ
(3) نغمے (4) گانے والا
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

17. ہیئت کے اعتبار سے مخدومؔ کی نظم "چاند تاروں کا بن" کیا ہے؟

(1) پابند نظم (2) معرا نظم
(3) آزاد نظم (4) نثری نظم
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

18. شہر کی فصیلوں پر
دیو کا جو سایہ تھا، پاک ہو گیا آخر
رات کا لبادہ بھی
چاک ہو گیا آخر، خاک ہو گیا آخر
مندرجہ بالا شعری حصہ کس نظم کا ہے؟

(1) چارہ گر (2) زندگی سے ڈرتے ہو
(3) آوارہ (4) خودکشی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

19. مندرجہ ذیل میں سے کس کو ادبِ اطفال میں سب سے نمایاں مقام حاصل ہے؟

(1) امیر خسرو (2) محمد حسین آزاد
(3) نظیر اکبر آبادی (4) اسمٰعیل میرٹھی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

20. گرنے لگا جس دم علم سید والا
عباس نے جھک کر اسے گردن سے سنبھالا
اس شعر میں 'سید والا' سے کون مراد ہیں؟

(1) حضرت علیؓ (2) حضرت امام حسینؓ
(3) حضرت امام حسنؓ (4) حضرت علی اکبر
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

21. میر انیسؔ کے پردادا کون تھے؟

(1) میر حسن (2) میر خلیق
(3) میر غلام حسین (4) میر نجف علی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

22. کیا تم سے بتائیں عمر فانی کیا تھی
بچپن کیا چیز تھا جوانی کیا تھی
یہ گل کی مہک تھی وہ ہوا کا جھونکا
اک موج فنا تھی زندگانی کیا تھی
اس رباعی میں 'گل کی مہک' کسے قرار دیا گیا ہے؟

(1) مکمل زندگی کو (2) بڑھاپے کو
(3) بچپن کو (4) جوانی کو
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

23. خم تھے کہ پڑا فرق پہ گرز ایک شقی کا
شق ہو گیا سر حضرت عباس علی کا
مرثیہ کے اس شعر میں کون سی صنعت موجود ہے؟

(1) مبالغہ (2) تجاہل عارفانہ
(3) حسن تعلیل (4) تجنیس ناقص و زائد
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

24. کس برق کی ہر آن چمک رہتی ہے

کس گل کی دماغ میں مہک رہتی ہے

شعر کے مصرعہ اوّل میں 'آن' کے معنی کیا ہیں؟

(1) وقت (2) عزت

(3) شان وشوکت (4) چمک

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

25. ع مری چاہ کا بھید وہ پا ہی گئے (نظم: روگ کا راگ)

شاعر کے من کی چھپی ہوئی بات کس طرح ظاہر ہو گئی؟

(1) محبوب کو دیکھ کر آنسو آنے سے

(2) محبوب کو دیکھ کر مسکرانے سے

(3) محبوب کو دیکھ کر بیہوش ہو جانے سے

(4) محبوب کو دیکھ کر گیت گانے سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

26. ان میں سے کس گیت کا کردار "رادھا" ہے؟

(1) تنہا سب سے دور اکیلی

(2) یوں ہی جوت جلے گی مورکھ

(3) روگ کا راگ

(4) جیون ایک مداری پیارے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

27. "رباعیات رواں" مجموعے کے خالق ہیں

(1) انیسؔ

(2) جگت موہن لال رواںؔ

(3) امجد حیدر آبادی

(4) اقبالؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

28. "صبح بنارس" کس شاعر کی رومانی نظم ہے؟

(1) اختر شیرانی (2) میراجی

(3) احسان دانش (4) سلام مچھلی شعری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

29. "شاعرِ مزدور" کے نام سے جانے جاتے ہیں

(1) احسان دانشؔ (2) فیض احمد فیضؔ

(3) کیفیؔ اعظمی (4) اخترؔ شیرانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

30. "...نے سفید لٹھے کی شلوار پر سفید قمیص پہن رکھی ہے۔ اس کے اوپر ایک کوٹ ڈانٹ رکھا ہے اور ٹائی لگا رکھی ہے۔ مونچھوں کو بل دیے ہوئے ہے۔ پاؤں میں پیشاوری چپل ہے سر پر لنگی اور کلاہ"۔

یہ حلیہ ڈراما "دروازے کھول دو" میں کس کردار کا ہے؟

(1) کمل کانت (2) لالہ آفتاب رائے

(3) شکورا (4) دیلو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

31. ذیل میں کرشن چندر کو کون سا ایوارڈ ملا ہے؟

(1) پدم شری (2) پدم بھوشن

(3) شوروِیر چکر (4) گیان پیٹھ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

32. سلام مچھلی شعری کو حکومتِ ہند نے کس اعزاز سے نوازا؟

(1) پدم بھوشن (2) پدم شری

(3) گیان پیٹھ (4) پدم وبھوشن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

777205 777205 777205 777205

**.33** ڈراما ''دروازے کھول دو'' کے کردار منّن نے چاندنی چوک میں ایک چھوٹی سی دوکان کے لیے کتنی رقم بطور پگڑی دی؟

(1) چالیس ہزار (2) پچاس ہزار

(3) ساٹھ ہزار (4) ایک لاکھ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.34** ڈراما ''دروازے کھول دو'' میں ڈی سوزا کا پیشہ کیا ہے؟

(1) بجلی کمپنی کا انسپکٹر (2) بڑھئی

(3) بلڈنگ انجینئر (4) ہوٹل کا مینیجر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.35** پریم چند کے والد کا کیا نام ہے؟

(1) اقبال رائے (2) عجائب لال

(3) نواب رائے (4) گرسہائے لال

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.36** ڈراما ''دروازے کھول دو'' میں پنڈت رام دیال کے ٹائپسٹ کون ہیں؟

(1) مس ایزابیلا کولیو

(2) مرزا ارشاد حسین

(3) کریم اللہ

(4) منّن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.37** ناول ''بیوہ'' کے کردار 'دان ناتھ' کے بارے میں درج ذیل حقائق میں سے کون سا درست ہے؟

(A) وہ سہل پسند آدمی تھے۔

(B) وہ کالج کے بعد سارا وقت کتب بینی اور سیر و تفریح میں اڑا دیتے تھے۔

(C) ان کا پیشہ وکالت تھا۔

(D) وہ ایک بار فیصلہ کر کے اس سے منحرف نہ ہوتے تھے۔

درست جواب منتخب کیجیے:

(1) A, C (2) A, D

(3) C, D (4) A, B

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.38** کملا پرشاد پورنا کو پریما سے ملانے کے بہانے اُسے کہاں لے گیا؟ (ناول: بیوہ)

(1) گنگا کنارے

(2) وِدھوا آشرم

(3) اپنے باغیچے میں

(4) ٹاؤن ہال کے جلسے میں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.39** پریم چند نے مہاتما گاندھی کے خیالات سے متاثر ہو کر سرکاری ملازمت کب ترک کی؟

(1) سن ۱۹۱۵ء میں

(2) گول میز کانفرنس کے دوران

(3) 'انگریزوں بھارت چھوڑو' تحریک کے دوران

(4) 'عدم تعاون' کی تحریک کے دوران

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

40. ''بیٹا ! گھر کی حالت زار دیکھ رہے ہو۔ قرض سے گردنیں دبی ہوئی ہیں۔ لڑکیاں ہیں وہ گنگا جمنا کی طرح بڑھتی جارہی ہیں''۔

مذکورہ بالا اقتباس کس افسانہ سے ماخوذ ہے؟

(1) دودھ کی قیمت

(2) نمک کادوروغہ

(3) آہ بیکس

(4) بڑے گھر کی بیٹی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

41. افسانہ 'نمک کا داروغہ' میں الوپی دین کیا ہے؟

(1) ڈاکٹر (2) منشی

(3) زمیندار (4) مولوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

42. ''تمہیں تو مُنہ میں کالک لگا کر کہیں ڈوب مرنا چاہیے تھا مگر تم جیسے پاپیوں میں ایسی خودداری کہاں'' (ناول: بیوہ)

یہ بات کس نے کس سے کہی؟

(1) لالہ بدری پرشاد نے دان ناتھ سے

(2) لالہ بدری پرشاد نے کملا پرشاد سے

(3) امرت رائے نے کملا پرشاد سے

(4) دان ناتھ نے امرت رائے سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

43. استاد منگو نے گورے سے ہیرا منڈی جانے کا کتنا کرایہ مانگا؟

(نیا قانون: منٹو)

(1) پانچ روپیہ

(2) سات روپیہ

(3) نوروپیہ

(4) دس روپیہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

44. افسانہ ''لاجونتی'' میں 'مّلا شکور' کیا ہے؟

(1) مسجد کا موذن ہے

(2) محلّہ ہے

(3) گاؤں ہے

(4) ایک ضعیف بوڑھا ہے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

45. منگو کوچوان پہلی اپریل کو پرانے نظام میں ہونے والی تبدیلیوں کو کس کے اثر کا نتیجہ سمجھتا تھا؟

(1) روس والے بادشاہ کے اثر کا

(2) فرانس والے بادشاہ کے اثر کا

(3) ہندوستان میں گاندھی جی کے اثر کا

(4) ایسٹ انڈیا کمپنی کے اثر کا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**46.** وہ حسرت سے کہتا ہے کہ "میرا کوئی دوست نہیں"

یہاں 'میرا' سے کون مراد ہے؟

(1) مصنف خود (2) احمد مرزا

(3) محمد تحسین (4) فقیر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**47.** خدا کے واسطے جھوٹی نہ کھایئے قسمیں

مجھے یقین ہوا، مجھ کو اعتبار آیا

یہ شعر کس انشائیہ سے ماخوذ ہے؟

(1) یار باش

(2) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ

(3) مظلوم کی فریاد

(4) کتّے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**48.** "تم شاستروں کی مان مرجادا کو نہیں سمجھتے"

(افسانہ: لاجونتی)

یہ جملہ کون کہتا ہے؟

(1) نیکی رام

(2) سندر لال

(3) نارائن بابا

(4) مِس مردولا سارا بھائی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**49.** کس انشائیہ میں شعر بند کی ترکیب کو چھپر بند کے مشابہ بتایا گیا ہے؟

(1) یار باش (2) بیگمات کے آنسو

(3) جھینگر کا جنازہ (4) گزرا ہوا زمانہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**50.** "گزرا ہوا زمانہ" رسالہ تہذیب الاخلاق میں کب شائع ہوا؟

(1) یکم صفر ۱۲۹۰ھ

(2) یکم محرم ۱۲۹۰ھ

(3) دس ربیع الاول ۱۲۸۸ھ

(4) یکم جمادی الثانی ۱۲۹۱ھ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**51.** "یکایک اس کو آسمان کے بیچ میں ایک روشنی دکھائی دی اور اس میں ایک خوب صورت دلہن نظر آئی........ وہ بولی کہ میں ہمیشہ زندہ رہنے والی نیکی ہوں"۔

(گزرا ہوا زمانہ: سرسید)

مصنف کے نزدیک ہمیشہ زندہ رہنے والی نیکی کیا ہے؟

(1) تلاوتِ قرآن

(2) جو بھلائی انسان کی بہتری کے لیے کی جاتی ہے

(3) نماز، روزہ

(4) حج، زکوٰۃ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**52.** "بلندی کے لحاظ سے اونٹ گاڑی، ساخت کے لحاظ سے بگھّی، چال کے لحاظ سے چھکڑے اور آواز کے لحاظ سے چرخے کی تعریف اُس پر پوری طرح صادق آتی تھی"۔ (یار باش)

اس سے احسن اللہ خاں کی کون سی موٹر مراد ہے؟

(1) ڈی ۸ (2) ولکن موٹر

(3) شیورلیٹ (4) فی ایٹ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

777205 777205 777205 777205 777205

53. کشتے ہوں ایک ضرب میں دو ہوں کہ چار ہوں
ششدر رہتے سب کہ موت سے کیونکر دوچار ہوں

(1) سیاقتہ الاعداد (2) تنسیق الصفات
(3) تجاہل عارفانہ (4) مبالغہ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

54. آیا جو مے کدے میں تو بے دام پی گیا
زاہد بھی سر جھکائے کئی جام پی گیا

(1) تشبیہ (2) استعارہ
(3) مجاز مرسل (4) کنایہ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

55. جوش روئیدگی خاک سے کچھ دور نہیں
شاخ میں گاؤزمیں کے بھی جو پھوٹے کونپل
درج بالا شعر میں مبالغہ کی کون سی قسم موجود ہے؟

(1) تبلیغ (2) اغراق
(3) غلو (4) تلفیق
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

56. تو مرے حال سے غافل ہے پر اے غفلت کیش
تیرے اندازِ تغافل نہیں غفلت والے
اس شعر میں کون سی صنعت موجود ہے؟

(1) مبالغہ (2) حسن تعلیل
(3) لف ونشر (4) اشتقاق
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

57. انگریزی سے اردو میں آنے والی آزاد نظم کس ادب کی شعری ہیئت ہے؟

(1) ترکی ادب کی (2) اسپینی ادب کی
(3) جرمنی ادب کی (4) فرانسیسی ادب کی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

58. ایسی شعری ہیئت جن میں مصرعوں کے ارکان کی تعداد ہمارے اپنے عروضی نظام کے مطابق ہوتی ہے مگر قافیہ نہیں ہوتا؛ کیا کہلاتی ہے؟

(1) آزاد نظم (2) قطعہ
(3) نظم معریٰ (4) نثری نظم
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

59. رُباعی کے کس مصرعے میں خیال کی تکمیل ہوتی ہے؟

(1) پہلے مصرعے میں
(2) دوسرے مصرعے میں
(3) تیسرے مصرعے میں
(4) چوتھے مصرعے میں
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

60. 'کلام میں ایسے الفاظ کو یکجا کرنا جن میں باہم مناسبت ہو، مگر یہ مناسبت تضاد وتقابل کی نہ ہو'۔ ایسی صنعت کیا کہلاتی ہے؟

(1) لف ونشر مرتب (2) لف ونشر غیر مرتب
(3) سیاقتہ الاعاد (4) مراعات النظیر
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

7777205 7777205 7777205 7777205

61. مثنویوں میں زمانی قدامت کے لحاظ سے کون سا زمرہ درست ہے؟

(1) بوستانِ خیال، برکھارت، سحر البیان، ساقی نامہ

(2) سحر البیان، بوستانِ خیال، برکھارت، ساقی نامہ

(3) بوستانِ خیال، سحر البیان، برکھارت، ساقی نامہ

(4) برکھارت، بوستانِ خیال، سحر البیان، ساقی نامہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

62. داستان کے بارے میں کون سا قول درست ہے؟

(1) داستان مافوق الفطرت عناصر سے پاک ہوتی ہے۔

(2) داستانوں میں کرداروں کا ارتقا پایا جاتا ہے۔

(3) داستان میں ایک مرکزی کہانی ہوتی ہے۔

(4) اردو میں داستانیں صرف نثر میں لکھی گئی ہیں۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

63. بے پردہ نظر آئیں جو کل چند بیبیاں
اکبر زمین میں غیرت قومی سے گڑ گیا
پوچھا جو اُن سے آپ کا پردہ وہ کیا ہوا
کہنے لگیں کہ عقل پہ مردوں کی پڑ گیا

یہ بند کس صفت کی مثال ہے؟

(1) قطعہ　　(2) رباعی

(3) غزل　　(4) قصیدہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

64. سفر نامے سے سفر منہا کر کے سامنے کی دیکھی ہوئی حقیقت اور صورتِ واقعہ کو ادبی صورت دے دی جائے تو اس قسم کی رپورٹ کو کیا کہتے ہیں؟

(1) پیروڈی　　(2) ریڈیو فیچر

(3) رپورتاژ　　(4) تبصرہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

65. ذیل میں انشائیے کے لیے فرانسیسی لفظ کون سا ہے؟

(1) Essay　　(2) Essai

(3) Esay　　(4) Esai

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

66. ان میں سے کس صنف کی امتیازی اور منفرد خصوصیت غیر سالمیت ہے؟

(1) داستان　　(2) ناول

(3) رپورتاژ　　(4) انشائیہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

67. "داستان کہانی کی طویل پیچیدہ اور بھاری بھرکم صورت ہے"۔ داستان سے متعلق یہ قول کس کا ہے؟

(1) آل احمد سرور　　(2) احتشام حسین

(3) کلیم الدین احمد　　(4) نیاز فتح پوری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**68.** ع کیوں جل گیا نہ تاب رخ یار دیکھ کر

مذکورہ بالا مصرعے کو ذیل کے درست مصرعے سے مکمل کیجیے اور شعر پورا کیجیے:

(1) جلتا ہوں اپنی طاقت دیدار دیکھ کر

(2) ہم کو حریص لذت آزار دیکھ کر

(3) لیکن عیار طبع خریدار دیکھ کر

(4) سر گرم نالہ ہائے شرر بار دیکھ کر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**69.** تو اور سوئے غیر نظرہائے تیز تیز

میں اور دکھ تیری مژہ ہائے دراز کا

مندرجہ بالا شعر میں غالب کس بات کا اظہار کر رہے ہیں؟

(1) محبوب کے حسن کی تاثیر کا

(2) موسمِ بہار کا

(3) جذبۂ رقابت کا

(4) ہجر کی تکلیف کا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**70.** ملے جو وادیِ غربت میں مجھ سے وہ ناگاہ

نہ ٹھہرے پاس مرے کوئی دم شتاب چلے

مندرجہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) ناسخ (2) آتش

(3) رنگین (4) مومن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**71.** دیکھ لی دنیا چلو شہر خموشاں اب عزیزؔ

قابل دید اک یہی دلچسپ منظر رہ گیا

مندرجہ بالا شعر میں 'شہر خموشاں' کا مطلب کیا ہے؟

(1) محبوب کا شہر (2) قبرستان

(3) مسجد (4) مندر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**72.** ہو رہا ہے ایشیا کا خرقۂ دیرینہ چاک

نوجواں اقوام نو دولت کے ہیں پیرایہ پوش

نظم کے اس شعر میں "خرقۂ دیرینہ" کے لفظی معنی ہیں:

(1) پرانی شراب (2) پرانا لباس

(3) پرانی کتاب (4) قدیم عمارت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**73.** لے گئے تثلیث کے فرزند میراثِ خلیل

خشتِ بنیادِ کلیسا بن گئی خاکِ حجاز

مندرجہ بالا شعر میں 'تثلیث کے فرزند' سے کیا مراد ہے؟

(1) عیسائی (2) یہودی

(3) پارسی (4) روسی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**74.** ع حال دل یار کو لکھوں کیوں کر

درج بالا مصرعہ کا ثانی مصرع لکھیے۔

(1) سو تمہارے سوا نہیں ہوتا

(2) سب کا دل ایک سا نہیں ہوتا

(3) صنم آخر خدا نہیں ہوتا

(4) ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.75 صدا یہ آتی ہے پھل پھول اور پتھر سے
زمین پہ تاج گرا قومِ ہند کے سر سے
چکبستؔ نے کس شخصیت کی وفات پر یہ بات کہی ؟
(1) بال گنگا دھر تلک (2) گوپال کرشن گوکھلے
(3) گاندھی جی (4) مولانا محمد علی جوہر
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.76 نیش کی جا نوش ہو دنبالۂ زنبور میں
کام میں افعی کے ہو مہرہ بجائے آبلا
قصیدہ کے اس شعر میں 'نوش' کے کیا معنی ہیں ؟
(1) کڑوا پھل (2) پیالہ
(3) آبِ حیات (4) ڈنک
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.77 ع 'کیا ہند کا زنداں کانپ رہا ہے، گونج رہی ہیں تکبیریں'
شعر مکمل کیجئے۔
(1) سینوں میں تلاطم بجلی کا، آنکھوں میں جھلکتی شمشیریں
(2) تقدیر کے لب کو جنبش ہے، دم توڑ رہی ہیں تدبیریں
(3) اکتائے ہیں شاید کچھ قیدی اور توڑ رہے ہیں زنجیریں
(4) تخریب نے پرچم کھولا ہے، سجدے میں پڑی ہیں تعمیریں
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.78 ہجویہ قصیدہ کسے کہتے ہیں ؟
(1) جس میں پند و نصائح کے مضامین بیان کیے گئے ہوں۔
(2) جس میں کسی کی مدح کی گئی ہو۔
(3) جس میں کسی کی مذمت کی گئی ہو۔
(4) جس میں بزرگانِ دین کی تعریف کی گئی ہو۔
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.79 مرثیہ 'نمک خوانِ تکلم' ہے فصاحت میری، کی ہیئت کیا ہے ؟
(1) مخمس (2) مربع
(3) مسدس (4) مثمن
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.80 ع مثلِ طاؤس اُڑا، گاہ اِدھر، گاہ اُدھر
میر انیسؔ کے مرثیے ''نمک خوانِ تکلم'' کے اس مصرعے میں کس کی تعریف کی گئی ہے ؟
(1) گھوڑے کی (2) تلوار کی
(3) علم کی (4) نیزے کی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.81 ذوقؔ کے قصیدے ''قصیدہ در مدح مرزا ابو ظفر بہادر شاہ'' کی تشبیب کا موضوع کس قسم کا ہے ؟
(1) بہاریہ (2) عشقیہ
(3) فخریہ (4) حالیہ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

777205

82. تقویت کا یہ اثر ہو عام جو ہیں برگِ زرد
ہوں مقوی دل و جاں مثلِ اوراقِ طلا
اس شعر میں 'اوراقِ طلا' کے کیا معنی ہیں؟

(1) چاندی کے ورق
(2) سونے کے ورق
(3) سوکھے پتّے
(4) سونے کے بنے ہوئے کاغذ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

83. باپ مدّاح کا مدّاح ہے دادا مدّاح
عمِ ذی قدر ثنا خوانوں میں یکتا مدّاح
اس شعر میں 'عمّ ذی قدر' سے میر انیس کی کیا مراد ہے؟

(1) میر حسن، میر ضاحک
(2) میر ضاحک، میر خلیق
(3) میر مونس اور میر اُنس
(4) میر حسن، میر تقی میر
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

84. کوئی ناظر جو یہ نایاب نظریں سمجھے
نقش ارژنگ کو کاواک لکیریں سمجھے
مرثیہ کے اس شعر میں 'کاواک' کے کیا معنی ہیں؟

(1) قیمتی، بے بہا
(2) بے ڈول، بے ڈھنگی
(3) خوب صورت، حسین
(4) دھنک
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

85. داستان ''باغ و بہار'' میں 'روشن اختر' کس فقیر کے چچا کی بیٹی ہے؟

(1) پہلا درویش (2) دوسرا درویش
(3) تیسرا درویش (4) چوتھا درویش
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

86. روم کے بادشاہ آزاد بخت کے بیٹے کا کیا نام تھا؟ (باغ و بہار)

(1) بختاور (2) بختیار
(3) شاہ رُخ (4) شہبال
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

87. ڈراما 'انار کلی' کتنے ایکٹ (باب) اور کتنے مناظر پر مشتمل ہے؟

(1) تین ایکٹ (باب) اور گیارہ مناظر
(2) تین ایکٹ (باب) اور تیرہ مناظر
(3) دو ایکٹ (باب) اور گیارہ مناظر
(4) دو ایکٹ (باب) اور تیرہ مناظر
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

88. باغ و بہار میں پہلے درویش کا تعلق کس ملک سے تھا؟

(1) یمن سے (2) ایران سے
(3) شام سے (4) ہندوستان سے
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**89.** ''لڑکی! تجھے شیخو اور انار کلی کے کیا تعلقات معلوم ہیں؟''

(ڈراما انار کلی)

یہ بات کس نے کس سے دریافت کی؟

(1) اکبر نے دل آرام سے

(2) سپاہی نے ستارہ سے

(3) اکبر نے ثُریّا سے

(4) رانی نے مروارید سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**90.** 'انہیں کیمیا گری کا دیوانہ وار شوق تھا جس کے پیچھے اپنا سب کچھ لٹا دیا مگر کیمیا نہ بنا سکے جس کا انہیں ہمیشہ ملال رہا'۔

وہ اردو کے کون ناول نگار ہیں؟

(1) مرزا ہادی رسوا

(2) نذیر احمد

(3) پریم چند

(4) راجندر سنگھ بیدی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**91.** ''تمام دنیا باغی ہے، بادشاہ خدا سے، تمول افلاس سے، مصلحتیں انصاف سے''۔

ڈراما 'انار کلی' میں یہ مکالمہ کس کردار کی زبان سے ادا ہوا ہے؟

(1) انار کلی (2) سلیم

(3) اکبر (4) زعفران

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**92.** ناول ''امراؤ جان ادا'' کے بارے میں مندرجہ ذیل اقوال کو پڑھیے:

(A) اس ناول کا موضوع طوائف کی زندگی ہے۔

(B) اس ناول کا موضوع لکھنؤ کا معاشرتی زوال ہے۔

(C) اس ناول کا موضوع انگریزوں سے نفرت ہے۔

(D) اس ناول کا موضوع افلاس و غربت ہے۔

درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

(1) A (2) B

(3) A اور B (4) C اور D

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**93.** ''نواب صاحب نے عدالت میں دعویٰ دائر کر دیا کہ مجھ سے نکاح ہے''۔

امراؤ جان ادا کے خلاف دعویٰ دائر کرنے والے نواب کا نام کیا تھا؟

(1) نواب حامد علی خان

(2) نواب محمود علی خان

(3) نواب اکبر علی خاں

(4) نواب سلطان

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**94.** ناول ''امراؤ جان'' میں امراؤ جان کس شہر کی رہنے والی تھی؟

(1) لکھنؤ (2) دلی

(3) گورکھپور (4) فیض آباد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

777205 777205 777205 777205

95. ذیل سے 'لالہ ڈنگامل' کس افسانے کا کردار ہے؟

(1) قاتل کی ماں

(2) شکوہ شکایت

(3) شانتی

(4) نئی بیوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

96. افسانہ ''موبی'' (کرشن چندر) کا کردار موبی فوج میں بھرتی ہونے سے پہلے کیا کرتا تھا؟

(1) وکالت

(2) مزدوری

(3) فوٹو گرافی

(4) تجارت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

97. ''ارے تو ہے ونود!'' (قاتل کی ماں: پریم چند)

یہ جملہ رامیشوری نے کب کہا؟

(1) جب ونود رات کو گھر میں داخل ہوا۔

(2) جب ونود کو جج کے سامنے پیش کیا گیا۔

(3) جب ونود نے اس کے سینے میں خنجر اتارا۔

(4) جب ونود پر پولس نے گولی چلائی۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

98. تجھ نین کی کیا کروں میں تعریف

یہ عین ثُلث کا صاد دِستا

اس شعر میں دِستا (دِسنا) کے معنی کیا ہے؟

(1) زیب وزینت اختیار کرنا

(2) ڈسنا

(3) سننا

(4) نظر آنا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

99. مثنوی ''در تعریف شہر سورت'' کس شاعر نے لکھی ہے؟

(1) مُلّا وجہی

(2) نصرتی

(3) ابن نشاطی

(4) وَلی دکنی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

100. افسانہ ''ان داتا'' کا موضوع کیا ہے؟

(1) قحطِ بنگال

(2) تقسیم بنگال

(3) شانتی نکیتن

(4) تقسیمِ وطن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

7777205

101. آفتاب داغ کو 'مطلع انوار الاخبار' سے کس نے شائع کیا؟

(1) رتن ناتھ سرشار

(2) لالہ ہردیال

(3) منشی نول کشور

(4) منشی تیغ بہادر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

102. ظلمت و نور میں کچھ بھی نہ محبت کو ملا

آج تک ایک دھندلکے کا سماں ہے کہ جو تھا

اس شعر میں کون سی صنعت موجود ہے؟

(1) تشبیہ (2) حسن تعلیل

(3) تضاد (4) تجاہل عارفانہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

103. جو بھلے ہیں وہ بُروں کو بھی بھلا کہتے ہیں

نہ بُرا سنتے ہیں اچھے نہ بُرا کہتے ہیں

مندرجہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) داغ (2) مومن

(3) ذوق (4) آتش

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

104. ع تو رازِ کن فکاں ہے اپنی آنکھوں پر عیاں ہو جا

مذکورہ بالا مصرعہ نظم 'طلوع اسلام' سے لیا گیا ہے۔ ذیل میں دوسرے مصرعے سے شعر مکمل کیجیے:

(1) اخوت کا بیاں ہو جا، محبت کی زباں ہو جا

(2) نکل کر حلقۂ شام و سحر سے جاوداں ہو جا

(3) خودی کا رازداں ہو جا، خدا کا ترجماں ہو جا

(4) تو اے شرمندۂ ساحل اچھل کر بیکراں ہو جا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

105. کیا شام پڑے گلیوں میں وہی ______ اندھیرا ہوتا ہے۔

نظم "او دیس سے آنے والے بتا" کے اس مصرعے میں درست لفظ خالی جگہ میں پُر کریں۔

(1) گھنگھور (2) دلچسپ

(3) خوب (4) بے رنگ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

106. اگر عثمانیوں پر کوہِ غم ٹوٹا تو کیا غم ہے

کہ خونِ صد ہزار انجم سے ہوتی ہے سحر پیدا

(طلوعِ اسلام: اقبال)

اس شعر میں عثمانیوں سے کون مراد ہیں؟

(1) حضرت عثمانؓ کے خاندان والے

(2) تُرک قوم

(3) حجاز کے باشندے

(4) فلسطینی قوم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

777205

107. 'اے عشق کہیں لے چل' نظم کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(1) جوش ملیح آبادی

(2) حفیظ جالندھری

(3) اختر شیرانی

(4) احسان دانش

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

108. منظوم رسالہ ''خوش نامہ'' کے خالق کون ہیں؟

(1) شمس العشاق شاہ میراں جی

(2) امین الدین اعلیٰ

(3) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز

(4) نصرتی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

109. نظم 'او دیس سے آنے والے بتا' اختر شیرانی کے کس مجموعہ میں شامل ہے؟

(1) اخترستاں

(2) نغمۂ حرم

(3) پھولوں کے گیت

(4) صبح بہار

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

110. ایہام گوئی کے خلاف اولین ردِّ عمل کس شاعر نے ظاہر کیا؟

(1) حاتم

(2) مرزا مظہر جانِ جاناں

(3) یقین

(4) قائم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

111. مرزا جان طپش کی مرتبہ کتاب ''شمس البیان فی مصطلحات الہندوستان'' کا موضوع کیا ہے؟

(1) اردو شاعری کی اصطلاحات

(2) برطانوی حکومتی قوانین سے متعلق اصطلاحات

(3) دہلی کی عوامی کہاوتیں

(4) دہلی دربار میں استعمال کی جانے والی اصطلاحات

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

112. ''خاور نامہ'' کا موضوع کیا ہے؟

(1) غزوۂ بدر کا بیان

(2) فتح مکّہ کی تفصیلات

(3) حضرت علیؓ کی جنگی فتوحات کا بیان

(4) امام حسینؓ کی شہادت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

777205

**113.** مونالا حالؔی کی سوانحی تصنیف ''حیاتِ جاوید'' کس شخصیت کی سوانح عمری ہے؟

(1) علامہ اقبالؔ (2) سرسید
(3) غالبؔ (4) محمد حسین آزاد
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**114.** ترقی پسند تنقید نگاروں کے لحاظ سے کون سا زمرہ درست ہے؟

(1) سجاد ظہیر، رشید احمد صدیقی، اختر انصاری، محمد حسن
(2) سجاد ظہیر، یوسف حسین خان، عبدالعلیم، قمر رئیس
(3) سجاد ظہیر، خورشید الاسلام، عبدالعلیم، احتشام حسین
(4) سجاد ظہیر، اختر حسین رائے پوری، عبدالعلیم، احتشام حسین
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**115.** علی گڑھ تحریک سے وابستہ اہم نثر نگاروں کے متعلق درست زمرے کی نشاندہی کیجیے:

(1) حالؔی، شبلؔی، نذیر احمد، ماسٹر رام چندر
(2) حالؔی، شبلؔی، پریم چند، چراغ علی
(3) حالؔی، شبلؔی، نذیر احمد، چراغ علی
(4) حالؔی، شبلؔی، نیاز فتح پوری، محسن الملک
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**116.** جدیدیت کے رجحان کو عام کرنے میں سب سے نمایاں حیثیت کس رسالے کی ہے؟

(1) اردوئے معلیٰ (2) زمانہ
(3) الہلال (4) شب خون
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**117.** درج ذیل میں سے کون مواصلاتی عمل کا عنصر نہیں ہے؟

(1) مواصلاتی سیاق وسباق (Communication Context)
(2) ذرائع (Source)
(3) موزونیت (Validity)
(4) پیغام (Message)
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**118.** درج ذیل افسانہ نگاروں اور ان کے مجموعوں میں درست ترتیب قائم کریں:

| | I | | II |
|---|---|---|---|
| A. | جوگیندر پال | (i) | بابا لوگ |
| B. | جیلانی بانو | (ii) | شیشے کے گھر |
| C. | غیاث احمد گدی | (iii) | دھرتی کا کال |
| D. | قرۃ العین حیدر | (iv) | روشنی کا مینار |

درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

(1) D-i, C-ii, A-iii, B-iv
(2) B-i, C-ii, D-iii, A-iv
(3) A-i, D-ii, B-iii, D-iv
(4) C-i, D-ii, A-iii, B-iv
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**119.** معنی خیز زبانی اکتسابی (Meaningful Verbal Learning) نظریہ وابستہ ہے:

(1) تحصیل تصوراتی ماڈل (Concept Attainment Model)

(2) جدید منتظمہ ماڈل (Advance Organiser Model)

(3) سائنسی تحقیقاتی ماڈل (Scientific Inquiry Model)

(4) غیر ہدایتی تدریسی ماڈل (Non-directive Teaching Model)

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**120.** ذیل میں حصول کے تصور یا تشکیل تصور سے متعلق دو بیانات دیے گئے ہیں:

A. ان صفات کی تلاش اور فہرست سازی جو مختلف زمروں کے مثالی نمونوں کو غیر مثالی نمونوں سے الگ اور نمایاں کرنے کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

B. اس کے لیے طلبہ کو یہ طے کرنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ وہ کس بنیاد پر زمرے بنائیں گے۔

نوٹ : نشاندہی کریں کہ کون سا بیان حصول کے تصور (Concept of attainment) سے متعلق ہے؟

(1) A اور B دونوں ہی متعلق نہیں ہیں۔

(2) صرف B متعلق ہے۔

(3) صرف A متعلق ہے۔

(4) A اور B دونوں ہی متعلق ہیں۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**121.** درج ذیل میں سے کون سا باہمی تعاون پر مبنی اکتسابی نظریہ کے علمی فوائد سے نہیں ہے؟

(1) طالب علم کو ان کے اکتساب کا جوابدہ بنانا

(2) اعلیٰ درجہ کی غور و خوض کی مہارتوں کو پیدا کرنا

(3) تدریسی اکتساب کو استاد اور مواد مرتکز بنانا

(4) موضوع کے مواد کے بارے میں گہری سمجھ اور بصیرت فراہم کرنا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**122.** سمعی بصری امدادی اشیاء استعمال کرنے کے اصولوں کے مطابق کثیر حسّی تحرک (Multisensory activation) کے ذریعہ سیکھنے کے عمل کو آسان بنانے کے لیے ایک استاد طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے کلاس روم میں سمعی بصری امدادی اشیاء کا استعمال کرتا ہے، اکتسابی عمل کو سمت فراہم کرتا ہے اور فعّال شرکت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، کیا کہلاتا ہے؟

(1) تحرک کا اصول (Principle of Stimulation)

(2) انتخاب کا اصول (Principle of Selection)

(3) اختلاط کا اصول (Principle of Congruence)

(4) اینٹی تھیس کا اصول (Principle of Antithesis)

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

777205

123. درج ذیل میں سے کون سی سافٹ ویر ٹکنالوجی کی خصوصیت ہے؟

(1) اس کا منبع طبعی علوم (Physical Science) میں ہے۔

(2) اس کا منبع کرداری علوم ( Behavioural Sciences) میں ہے۔

(3) یہ مصنوعات سے ہم آہنگ نقطۂ نظر (Product-Oriented) کو اپناتا ہے۔

(4) اسے سافٹ ویر ٹکنالوجی کی خدمات کی ضرورت ہوتی ہے۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

124. درج ذیل میں کون سا نظام کے تصور (Concept of System) کو نمایاں کرتا ہے؟

(1) خودمختاریت کا تصور (2) علاحدگی کا تصور

(3) تکمیلیت کا تصور (4) تنہائی کا تصور

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

125. درج ذیل میں سے کون اپلیکشن سافٹ ویر (Application Software) نہیں ہے؟

(1) ورڈ پروسسر (Word Processor)

(2) سپریڈ شیٹ (Spread Sheet)

(3) مائیکروسافٹ پاور پوائنٹ (Microsoft PowerPoint)

(4) یونکس (UNIX)

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

126. کمپیوٹر معاون آموزش (Computer Associated Instruction) (CAI) میں ڈرل اور پریکٹس ماڈل ( Drill and Practice Model) کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(1) بغیر کسی وضاحت کے بالکل نئے موضوعات کو متعارف کروانا۔

(2) طلبہ کے سیکھنے کی رفتار کو محدود کرنا۔

(3) دوہرانے کے ذریعہ سابقہ اکتسابی تصور کو تقویت دینا۔

(4) آزادانہ اکتساب کی حوصلہ شکنی کرنا۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

127. کمپیوٹر معاون طریقۂ اکتساب ( Computer Associated Learning) میں اساتذہ کا کیا کردار ہے؟

(1) مکمل طور پر کمپیوٹر کو متبادل بنانا

(2) صرف درجہ بندی کے لیے ذمہ دار

(3) غیر فعال مبصر ہونا

(4) اساتذہ بطور سہولت کار اور رہنما

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

777205 777205 777205 777205

128. ڈرامہ ''یہودی کی لڑکی'' کے تیسرے ایکٹ کا تیسرا سین کہاں وقوع پذیر ہوتا ہے؟

(1) محل میں (2) مذہبی عدالت میں

(3) دارالعذاب میں (4) دربار میں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

129. ''یہ کمرہ میں لوں گا – نوجوان نے پہلے بیڈروم میں داخل ہو کر کہا جس کا رخ جھیل کی طرف تھا۔ لڑکی نے اپنی چھتری اور اور کوٹ اس کمرے کے ایک پلنگ پر پھینک دیا تھا''۔

مذکورہ بالا اقتباس کس افسانے سے ماخوذ ہے؟

(1) فوٹو گرافر (2) لمحے

(3) سکون کی نیند (4) بجوکا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

130. آغا حشر کاشمیری نے اپنے ڈرامے ''یہودی کی لڑکی'' میں کس کی کش مکش دکھائی ہے؟

(1) رومن سلطنت اور جرمن قوم کی

(2) رومن سلطنت اور یہودی قوم کی

(3) رومن سلطنت اور روسیوں کی

(4) رومن سلطنت اور امریکن کی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

131. 'اُماکانت' کس افسانے کا کردار ہے؟

(1) سکون کی نیند (2) بجوکا

(3) واردات (4) لمحے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

132. ''ایک ڈاکٹر ہیں رُچی رام – ہومیو پیتھی علاج کرتے ہیں، خصوصاً بچوں کے علاج میں تو انہیں مہارت حاصل ہے''۔

یہ بات افسانہ 'لمحے' میں کس کردار نے کس سے کہی؟

(1) اُماکانت نے حسین عورت سے

(2) اُماکانت نے ڈرائیور سے

(3) بس ڈرائیور نے عورت سے

(4) اُماکانت نے سلطانہ سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

133. کہانی ''بجوکا'' میں سرپنچ نے ہوری کی فصل کا کتنا حصّہ بجوکا کو دینے کا فیصلہ کیا؟

(1) آدھا حصّہ (2) ایک تہائی حصّہ

(3) چوتھائی حصّہ (4) دو تہائی حصّہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

134. قرۃ العین حیدر کے افسانوی مجموعے کے سلسلے میں کون سا زمرہ درست ہے؟

(1) میرے بھی صنم خانے ۱۹۴۹ء

(2) آگ کا دریا ۱۹۵۹ء

(3) ستاروں سے آگے ۱۹۴۷ء

(4) روشنی کی رفتار ۱۹۵۰ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

777205

135. افسانہ ''سکون کی نیند'' میں ملکِ ہوا کے محل کی سُرنگ کے باشندے جب سو کر اٹھتے تو ان کے تکیے کے نیچے کتنی رقم رکھی ہوئی ملتی؟

(1) چار لاکھ روپے

(2) تین لاکھ روپے

(3) ایک لاکھ روپے

(4) دو لاکھ روپے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

136. ذیل میں کون سا افسانوی مجموعہ سریندر پرکاش کا ہے؟

(1) مکتی بودھ (2) سنہرا دیس

(3) باز گوئی (4) تماشا گھر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

137. اردو میں انشائیے کی ابتدا کس رسالے سے ہوئی ہے؟

(1) مخزن (2) تہذیب الاخلاق

(3) اودھ پنچ (4) فنون

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

138. پریم چند کے 'گؤدان' کے مرکزی کردار ہوری کی از سرِ نو بازیافت کس افسانے میں ہوئی ہے؟

(1) بجوکا (2) لمحے

(3) سکون کی نیند (4) فوٹو گرافر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

139. ''انسان کہتا ہے کہ مچھر بڑا کم ذات ہے۔ کوڑے کرکٹ، میل کچیل سے پیدا ہوتا اور گندی موریوں میں زندگی بسر کرتا ہے''۔
اس جملے میں کوڑا کرکٹ میں ایک لفظ دوسرے لفظ کے ہم معنی ہے۔ ایسے تاکیدی لفظ کو اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

(1) تابع مہمل (2) تابع موضوع

(3) محاورہ (4) ضرب المثل

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

140. ''استادِ محترم اس کتاب کو پڑھتے نہیں بلکہ کتاب پہ مصنف سے ذہنی کشتی لڑتے تھے''۔ مذکورہ بالا جملہ کس کا ہے؟

(1) کلیم الدین احمد

(2) احتشام حسین

(3) خورشید الاسلام

(4) خوجی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

141. خواجہ حسن نظامی نے اپنے انشائیے ''مچھر'' میں مچھروں کے کس عمل کو انسانوں کی تحریروں پر شوخیانہ ریمارک قرار دیا ہے؟

(1) حروف پر خون کی ننھی ننھی بوندیں ڈالنے کو۔

(2) کان میں آکر ''الٹی میٹم'' دینے کو۔

(3) چہرے اور ہاتھ پاؤں پر ڈنک مارنے کو۔

(4) گندی موریوں میں زندگی بسر کرنے کو۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

7777205

**142.** احمد جمال پاشا نے لکھنؤ سے "اودھ پنچ" نکالنا شروع کیا جسے اس رسالے کا کون سا دور کہا جاتا ہے؟

(1) چوتھا دور (2) پہلا دور

(3) دوسرا دور (4) تیسرا دور

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**143.** احمد جمال پاشا جب بھی کلیم الدین احمد سے ملنے کے لیے جاتے تو کلیم الدین احمد انہیں کس رسالہ کا نیا شمارہ عنایت کرتے تھے؟

(1) تہذیب الاخلاق (2) معاصر

(3) سب رس (4) تہذیب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**144.** شاہد احمد دہلوی نے کون سا مشہور رسالہ جاری کیا؟

(1) ماہنامہ مخزن

(2) ماہنامہ ساقی

(3) ماہنامہ تہذیب الاخلاق

(4) ماہنامہ شب خون

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**145.** احتشام حسین کے مطابق خوجی کی وہ کون سی خصوصیت ہے جو اسے زوال آمادہ جاگیر دارانہ تمدن کا خاص کردار بناتی ہے؟

(1) لااُبالی پن

(2) جذبۂ وفاداری

(3) ظرافت اور بذلہ سنجی

(4) علمیت کا اظہار

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**146.** میر باقر علی داستان گو ہمیشہ کون سی داستان سنایا کرتے تھے؟

(1) داستان امیر حمزہ (2) طلسم ہوش ربا

(3) الف لیلۃ (4) فسانۂ عجائب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**147.** قید حیات و بند غم اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں

اس شعر میں ہے:

(1) تشبیہ (2) استعارہ

(3) مجاز (4) کنایہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**148.** تشبیہ میں جسے مشبہ کہا جاتا ہے، استعارے میں اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) مستعار (2) مستعار منہ

(3) مستعار لہٗ (4) وجہ جامع

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**149.** مندرجہ ذیل اصناف میں "ایجاز و اختصار" کس صنف کی خوبی ہے؟

(1) جدید نظم (2) مثنوی

(3) گیت (4) غزل

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**150.** میر باقر علی داستان گو کس کے شاگرد تھے؟

(1) میر تقی میرؔ (2) میر محمود علی

(3) میر پیڑا (4) میر انیسؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

7777205

रफ कार्य के लिए स्थान / SPACE FOR ROUGH WORK

777205
777205
777205
777205